# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/PFD/02 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | صوبہ | شعبہ (Department) | پروفیشنلز فورم |
| منصب (Designation) | صوبائی ذمہ دار | جوابدہ (Report to) | نگران مجلس |
| کام (Function) | پروفیشنلز (انجینئرز، آڈیٹرز، اکاؤنٹ آفیسرز وغیرہ) میں نیکی کی دعوت عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی سے وابستہ کرنا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | شہر ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا، تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا اور تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. پروفیشنلز کے تحت جن فیلڈز میں دینی کام کرنا طے ہے ان میں ذمہ داران کا تقرر کرنا اور ان کو فعال کرنا۔
6. شعبے سے وابستہ (Connected) بااثر افراد (پروفیشنلز) کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوت اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا۔
7. پروفیشنلز (انجینئرز، آڈیٹرز اور اکاؤنٹ آفیسرز وغیرہ) سے ملاقات کرنا، ان کو نیکی کی دعوت دینا اور انھیں دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ کرنا/کروانا۔
8. دعوت اسلامی کے اداروں کا متعلقہ شعبوں کے طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق پروفیشنلز (شخصیات) کو وزٹ (Visit) کروانا۔
9. پروفیشنلز اور ان کے بچوں کو جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخل (Admission) کروانا اور مختلف کورسز کروانا۔
10. مخصوص شہروں سے ہر ماہ/چھٹیوں میں پروفیشنلز کے قافلے سفر کروانا۔
11. شعبے سے متعلقہ پروفیشنلز کے اجتماعات کروانا، ان میں اراکین شوریٰ کے بیانات کروانا نیز پروفیشنلز کی ہفتہ وار اجتماع اور دیگر ایونٹس کے اجتماعات میں شرکت کروانا۔
12. پروفیشنلز (انجینئرز، آئی ٹی پروفیشنلز، فنانس آفیسرز، کارپوریٹ سیکٹر پروفیشنلز وغیرہ) کے درمیان آن لائن (Online) درس دینا/دلوانا۔
13. مختلف اراکین شوریٰ (بالخصوص صوبائی نگران رکنِ شوریٰ)، مفتیان کرام اور دیگر اہل مبلغین سے ہر ماہ وقت لے کر پروفیشنلز کا زوم پر آن لائن/بالمشافہ سیشن (Session) کروانا۔
14. شعبے سے وابستہ بااثر افراد (شخصیات) کی ماہنامہ فیضانِ مدینہ کی بکنگ (Booking) کروانا۔
15. شعبے سے وابستہ بااثر افراد کو مدنی چینل دیکھنے کی ترغیب دلانا نیز ان کے گھروں اور دفاتر وغیرہ میں مدنی چینل چلوانا۔
16. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل وترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی (Guidance) اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/کروانا۔
17. تنظیمی معلومات سے اپڈیٹ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's)، کے پی آئیز (KPI's) کا مطالعہ کرنا۔
18. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
19. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
20. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
21. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** بی اے/بی ایس سی (BA/BSC)
  متعلقہ شعبے میں کم از کم 4 سے 5 سال کا تجربہ
- **دینی تعلیم:** ناظرہ قرآن پاک + 12 دینی کام، اصلاح اعمال اور فیضان نماز کورسز کیے ہوں۔
  **نوٹ:** درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی۔
- Team-building, Problem-solving, People Management, Verbal Communication, Adaptability & Flexibility, Leadership, Conceptual Skills, Decision-making, Long-term Planning

## اپنی دنیا و آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص مدنی مذاکرہ، نیک اعمال ، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی با اثر افراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم/سینڈ کریں۔